رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عالمیہ سال دوم** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **صحیح مسلم**

تاریخ: **14-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "بهيمة جمعاءَ" کا معنی ہے۔

(الف) دم کٹا جانور (ب) بے عیب جانور (ج) تین ٹانگوں والا جانور (د) پورے اعضاء والا جانور

سوال نمبر 2: انسان کی پیدائش کے وقت "شیطان" انسان کو ---

(الف) انگلی چبھوتا ہے (ب) ڈراتا ہے (ج) ورغلاتا ہے (د) بہلاتا ہے

سوال نمبر 3: کون سی بیماری ہے جو خطاؤں کو مٹا دیتی ہے؟

(الف) بخار (ب) آشوب چشم (ج) برص (د) جنون

سوال نمبر 4: "الشوكة" کا معنی ہے؟

(الف) شیشہ (ب) پتھر (ج) کانٹا (د) تلوار

سوال نمبر 5: قطع تعلّقی کتنے دن سے زیادہ جائز نہیں؟

(الف) چار (ب) پانچ (ج) تین (د) چھ

سوال نمبر 6: حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے ساتھ مدینے میں کتنی دیر رکے؟

(الف) دو سال (ب) ایک سال (ج) چار سال (د) تین سال

سوال نمبر 7: "جنود مجندة" کا معنی ہے؟

(الف) مجتمع جماعتیں (ب) منفرد جماعتیں (ج) فرشتوں کی جماعتیں (د) لوگوں کی جماعتیں

سوال نمبر 8: اسلحے کے ساتھ اشارہ کرنے والے کے لئے کیا وعید ہے؟

(الف) عذاب قبر (ب) فرشتوں کی لعنت (ج) اللہ کی لعنت (د) شفاعت سے محرومی

سوال نمبر 9: حدیث مبارکہ کے مطابق پہلوان کون ہے؟

(الف) طاقتور (ب) غصہ پر قابو کرنے والا (ج) پچھاڑ دینے والا (د) جہاد کرنے والا

سوال نمبر 10: جھوٹ بولنے کی کتنی صورتیں جائز ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) چھ

سوال نمبر 11: جانوروں پر لعنت کرنا ہے۔

(الف) عذاب (ب) ثواب (ج) جائز (د) ناجائز

سوال نمبر 12: "نميمة" کا معنی ہے۔

(الف) بڑھوتری (ب) بکری (ج) چغلی (د) جھوٹ

سوال نمبر 13: "رفق" کا معنی ہے۔

(الف) سختی (ب) نرمی (ج) بھلائی (د) دوستی

سوال نمبر14: حدیث پاک کے مطابق غلام کے لئے اپنے مالک کو کس نام سے پکارنا ممنوع ہے؟

(الف) رب (ب) آقا (ج) سردار (د) مولی

سوال نمبر15: "طوال مفصل" قرآن پاک کی کون سی صورتیں ہیں؟

(الف) سورۃ بروج سے بینہ تک (ب) سورۃ فتح سے بروج تک (ج) سورۃ حجرات سے بروج تک (د) سورۃ ضحیٰ سے ناس تک

سوال نمبر16: فقال یارسول اللہ: اصبت۔۔۔فأقمه علیّ۔

(الف) مالا (ب) رجلا (ج) حدا (د) تعزیرا

سوال نمبر17: وہ کون سی سورۃ ہے جس کی طاقت جادوگر میں نہیں؟

(الف) بقرۃ (ب) اخلاص (ج) فاتحہ (د) قدر

سوال نمبر18: "خلفات" سے کیا مراد ہے؟

(الف) حاملہ بکریاں (ب) حاملہ گھوڑیاں (ج) حاملہ لونڈیاں (د) حاملہ اونٹنیاں

سوال نمبر19: "الاترجة" کا معنی ہے؟

(الف) پھل (ب) بوٹی (ج) گھاس (د) پھول

سوال نمبر20: قرآن پاک نہ پڑھنے والا منافق کس کی مثل ہے؟

(الف) حنظل (ب) ریحان (ج) تمر (د) ترنج

سوال نمبر21: امام مالک کے نزدیک خوش الحانی سے قرآن پڑھنا مکروہ ہے کیونکہ یہ۔۔۔ہے۔

(الف) وقت کی زیادتی (ب) خشوع میں خلل (ج) معانی میں خلل (د) قواعد تجوید کے خلاف

سوال نمبر22: حدیث مبارکہ میں۔۔۔کو قرآن کا ثلث کہا گیا ہے۔

(الف) سورۃ بقرہ (ب) سورۃ رحمٰن (ج) سورۃ یٰس (د) سورۃ اخلاص

سوال نمبر23: حدیث مبارک میں مومن کے قرآن پڑھنے کو کس کی مثل کہا گیا ہے؟

(الف) کھجور کی مثل (ب) دودھ کی مثل (ج) پھول کی مثل (د) ترنج کی مثل

سوال نمبر24: "هو اشد تفلتا من الابل" اس حدیث میں "اشد تفلتا" کا معنی ہے۔

(الف) زیادہ چلنے والا (ب) زیادہ بھاگنے والا (ج) زیادہ چیخنے والا (د) زیادہ بدکنے والا

سوال نمبر25: عن النبی ﷺ أنه قال: "لاشیء۔۔۔من اللہ عزوجل"

(الف) اغیر (ب) اکبر (ج) ارحم (د) لاشیئ منها